سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے فضائل و کرامات کا اوّلین مستند مجموعہ

قلائد الجواہر

فی مناقب

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

علامہ محمد عبدالستار قادری

کرماں والا بک شاپ

دوکان نمبر ۲- دربار مارکیٹ لاہور

Voice: 0423-7249515

بفیضانِ کرم


حضرت سید السادات پیر محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

المعروف حضرت کرماں والے
آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف اوکاڑہ

شمیم باغ ولایت
- حضرت سید محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

منظر بدر طریقت
- حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت پیر سید غضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

زیر نگرانی
حضرت پیر
سید صمصام شاہ بخاری مدظلہ العالی
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف



زیر نگرانی
حضرت پیر
سید میر طیب علی شاہ بخاری مدظلہ العالی
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف

الحاج صوفی
برکت علی رحمۃ اللہ علیہ

زیر اہتمام
سمیع اللہ برکت

زیر ادارت
حاجی پیر انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی

اشاعت 21 دسمبر 2009
قیمت -/200 روپے

عورت اپنے شوہر (اس کا شوہر معماری کا کام جانتا تھا) کو ہمراہ لے کر آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ یہ میرا شوہر ہے اس پر بیس دینار میرا مہر ہے اسے اپنا نصف معاف کرتی ہوں بشرطیکہ نصف باقی کے عوض یہ آپ کے مدرسہ میں کام کرے اس کے شوہر نے بھی اس بات کو منظور کر لیا عورت نے مہر وصول پانے کی رسید لکھوا کر آپ کے ہاتھ میں دیدی اس کا شوہر مدرسہ میں کام کرنے کے لئے آنے لگا آپ نے دیکھا کہ یہ شخص غریب ہے تو آپ ایک روز اسے اس کے کام کی اجرت دیتے اور ایک روز نہیں دیتے تھے جب یہ شخص پانچ دینار کا کام کر چکا تو آپ نے اسے مہر کی رسید نکال کر دیدی اور فرمایا کہ باقی پانچ دینار تمہیں میں نے معاف کئے۔

528ھ میں یہ مدرسہ ایک وسیع عمارت کی صورت میں بن کر تیار ہو گیا اور آپ ہی کی طرف منسوب کیا گیا۔ اب آپ نے نہایت جد و جہد واجتہاد کے ساتھ تدریس افتاء و وعظ کے کام کو شروع کیا دور دور سے لوگ آپ سے شرفِ ملاقات حاصل کرنے کے لئے آنے لگے اور نذرانے گزارنے لگے۔ چاروں طرف سے دور دراز کے لوگ آ کر آپ کے پاس جمع ہو گئے اور علماء و صلحاء کی ایک بڑی جماعت آپ کے پاس تیار ہو گئی اور آپ سے علم حاصل کر کے پھر وہ اپنے اپنے شہروں کی طرف واپس چلے گئے اور تمام عراق میں آپ کے مرید پھیل گئے اور آپ کے اوصافِ حمیدہ و خصائلِ برگزیدہ کے لئے لوگوں کی زبانیں مختلف ہو گئیں۔ کسی نے آپ کو ذوالبیانین اور کسی نے آپ کو کریم الجدین، والطرفین اور کسی نے صاحب البرہانین کہا کسی نے آپ کا لقب امام الفریقین و الطریقین اور کسی نے ذوالسّراجین و المنہاجین اسی لئے بہت سے علماء و فضلاء آپ کی طرف منسوب ہوئے ہیں اور خلقِ کثیر نے آپ سے علوم حاصل کئے جن کی تعداد شمار سے زائد ہے۔ منجملہ ان کے الامام القدوہ ابو عمرو عثمان بن مرزوق بن حمیر ابن سلامۃ القرشی نزیل مصر تھے۔

آپ کے صاحبزادے شیخ عبد الرزاق بیان کرتے ہیں کہ جب میرے والد نے